سورۃ الزلزلۃ (99)

(مدنی — کل آیات 8)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَـهَا (1)

جب زمین بڑے زور سے ہلا دی جائے گی۔

وَاَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَـهَا (2)

اور زمین اپنے بوجھ نکال پھینکے گی۔

وَقَالَ الۡاِنۡسَانُ مَا لَـهَا (3)

اور انسان کہے گا کہ اس کو کیا ہوگیا۔

یَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخۡبَارَهَا (4)

اس دن وہ اپنی خبریں بیان کرے گی۔

بِاَنَّ رَبَّكَ اَوۡحٰى لَـهَا (5)

اس لیے کہ آپ کا رب اس کو حکم دے گا۔

یَوۡمَئِذٍ یَّصۡدُرُ النَّاسُ اَشۡتَاتًا لِّیُـرَوۡا اَعۡمَالَـهُمۡ (6)

اس دن لوگ مختلف حالتوں میں لوٹیں گے تاکہ انہیں ان کے اعمال دکھائے جائیں۔

فَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ خَیۡـرًا یَّرَهٗ (7)

پھر جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہے وہ اس کو دیکھ لے گا۔

وَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ (8)

اور جس نے ذرہ بھر برائی کی ہے وہ اس کو دیکھ لے گا۔